10-09-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

: امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ محفوظ سرحدیں، خوشحال سرحدی خطے اور ایک خوشحال معاشرہ ایک ساتھ مل کر ہی ملک کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

قومی راجدھانی نئی دلی میں سرحدی ریاستوںاور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے سبھی ایس پیز کے ساتھ منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ ملک کے نکسلواد سے متاثرہ علاقوں کو نکسلواد اور جموں کشمیر نیز شمال مشرق خطے کو دہشتگردی سے پاک کیاگیاہے ،جو کہ ایک اجتماعی کامیابی کی علامت ہے۔

انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت والی سرکار نے سرحدی بنیادی ڈھانچے میں 400فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ کانفرنس میں متعلقہ ریاستوں اور یوٹیز کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر کے ایس پیز نے بھی شرکت کی۔

:ایل جی یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے سرینگرمیں پانتھ چوک یاتری نواس میں انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ یاتریوں کی آسانی کیلئے تمام تر سہولیات میسر رکھی جارہی ہیں۔ انہوننے کہا کہ مہمان یاتریوں کی بدولت ہمارے ہینڈلوم اور دستکاری مصنوعات کو ملک کے کونے کونے میں پہنچایا جانا چاہئے اور اس طرح سے ہماری منفرد ثقافت ہر شردھالو کے گھر تک پہنچ جائے گی۔ لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ہمارے دستکار عقیدے ، تہذیب اور خوشحالی کو ایک ساتھ بُن رہے ہیں۔

منوج سنہا نے کہا کہ یاتریوں کی بڑھتی ہوئی تعدادسیاحتی شعبے کے ساتھ ساتھ ہمارے دستکاروں کیلئے بھی ایک نیک شگون ہے اور اس کی بدولت ہمارے یہاں ’ون ڈسٹرکٹ ون پروڈیکٹ ‘کی مہم مزید مضبوط ہوگی۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بحسن خوبی جاری ہے اور آج بھی بالتل اور چندن واڑی کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتری پوتر گپھا کی طرف پیش قدمی کررہے ہیں۔ کل دن بھر بھی 27ہزار سے زیادہ یاتریوں نے شیو لنگم کے درشن کئے اور اس طرح سے کل شام تک درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 60ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج 8ہزار800شردھالوؤں پر مشتمل 9واں قافلہ بھی وادی کی طرف روانہ کیاگیا ہے۔

وزیراعلیٰ:

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے پائیدار سیاحت اور معاشی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے جموں کشمیرمیں سرینگر میں SKICC مقدار کے بجائے معیار پر مبنی سیاحت کو فروغ دینے پرزور دیاہے۔
'پائیدارسیاحت' سے متعلق ایک کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے سیاحتی مقامات کے ماسٹر پلانوںاور وہاں عمارتیں تعمیر کرنے کے لئے وضع کردہ ضوابط پر سختی سے عمل پیرا رہنے کی اہمیت اجاگر کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ ماسٹر پلان اور اس کی عمل آور ی بہتر انداز کی ہونی چاہئے کیونکہ چننده مقامات پر اس کی عملدرآمد سے عوامی اعتماد کمزور پڑ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی منصوبہ بندی دفاتر کی چار دیواری میں نہیں بلکہ اُن لوگونسے مشاورت کے ساتھ ترتیب دی جانی چاہئے جو وہاں نسل درنسل رہتے آئے ہیں۔

سینسیس:

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سینسیس 2027کے سلسلے میں پہلے مرحلے کے تحت مکانوں کو شمار کرنے کا مرحلہ احسن طریقے پر اور برقت مکمل کرنے کیلئے اس عمل سے جڑے سبھی ضلع سینس افسروں، شمار کنندگان، سپروائزروں اور چارج افسروں کی سراہنا کی ۔

اس سلسلے میں سرینگر مینیوٹی سطح کی سینسیس کارڈی نیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے مردم شماری کے اگلے مراحل کی سرگرمیاں بھی اسی رفتار کے ساتھ برقرار رکھنے پر زور دیا۔ انہوں نے سبھی متعلقہ حکام اور عوام کو یہ عمل بحسن خوبی انجام دینے کیلئے اپنا بھرپور تعاون دینے کی اپیل کی۔

سکالرشپ:

آج جموں کشمیرمیں منعقد ہونے والے نیشنل میرٹ کم مینز سکالرشپ سکیم کا امتحان منعقد کیا جارہاہے جس میں قریب 6ہزار600طالب علم شرکت کرنے والے ہیں۔ اس امتحان کیلئے یوٹی بھر میں 97امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے اس امتحان کا معیار برقرار رکھنے کیلئے رہنما ضوابط وضع کئے گئے ہیں۔ اس سکالر شپ کے تحت امتحان دینے والے طالب علم ایک ہزار68نشستوں کیلئے مقابلہ کریں گے۔ امتحان پاس کرنے والے طالب علموں کو 9ویںجماعت سے آگے اگلے چار برس تک سالانہ 12ہزار روپے کا مشاہرہ دیا جائے گا۔

کمیٹی:

اخلاقیات سے متعلق جمونکشمیر اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ چیرمین نظام الدین بٹ کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں کمیٹی کے سبھی ارکان بھی موجود تھے۔

کمیٹی نے قانون ساز اداروں میں ارکان کی ادارہ جاتی رہنمائی کیلئے ایک جامع معیاری ضابطہ عمل ترتیب دینے پر تبادلہ خیال کیا ۔ کمیٹی نے ساتھ ہی اسمبلی کے سبھی ارکان کیلئے ایک تربیتی پروگرام منعقد کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ کمیٹی کے ارکان نے ساتھ ہی یونیورسٹیونسمیت تعلیمی اورشہری اداروں تک اپنی رابطہ کاری بڑھانے کی بھی تجویز رکھی۔

درجہ حرارت:

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ